© rasailojaraid.com



تحریر: امین الدین انصاری۔ لاہور

تحریک خلافت، تحریک آزادی، تحریک تحفظ ختم نبوت کے عظیم راہنما

# صدر احرار ماسٹر تاج الدین انصاری رحمہ اللہ

امیر احرار ابن امیر شریعت حضرت سید عطاء المحسن بخاری دامت برکاتہم نے ماسٹر تاج الدین انصاری رحمہ اللہ کا یہ آٹوگراف قارئین نقیب ختم نبوت کیلئے عطاء فرمایا (مدیر)

از گفتن تا کردن بسیار منزل ہاست

تاج الدین انصاری

24/3/66

یہ قانون قدرت ہے کہ جب قومیں اپنے نظریہ حیات، منشور اور اقدار سے انحراف اور اپنی بقاء کے تقاضوں سے روگردانی کرتی ہیں تو وہ محکومی کی جانب بڑھ رہی ہوتی ہیں۔ غیر ملکی سازشیں کامیاب ہوتی ہیں اور یوں غلامی ان کا مقدر بن جاتی ہے۔ اللہ کا اصل قانون ہے جس سے کسی بھی قوم، نسل اور ملک کو مفر نہیں ہے اور تاریخ عالم ایسے واقعات سے بھری پڑی ہے۔

اللہ کا مسلمانوں پر یہ خاص احسان و کرم ہے کہ ان کی کوتاہیوں اور ان کے حکمرانوں کی بد اعمالیوں کی وجہ سے جب بھی قانون فطرت کی گرفت ہوئی اور مسلمان محکوم ہوئے تو اللہ کی رحمت نے محکومی کے دور میں مسلمانوں میں ایسے افراد پیدا فرمائے جنھوں نے ان کو اپنی عظمت رفتہ کی یاد دلائی بلکہ ان میں جہد و عمل کی ایسی روح پھونکی جس سے یہ چنگاری ایک شعلۂ جوالا بن گئی اور مسلمانوں کے جذبۂ ایمانی سے اور اتحاد تنظیم اور یقین محکم نے غلامی کی زنجیر کو توڑ کر انہیں آزادی جیسی نعمت سے دوبارہ سرفراز کر دیا۔

برصغیر پاک و ہند میں مولانا محمد علی جوہر، مولانا شوکت علی، مولانا حسرت موہانی، ڈاکٹر انصاری، حکیم محمد اجمل خان، شاعر مشرق علامہ اقبال، محمد علی جناح، سید عطاء اللہ شاہ بخاری اور ان کے رفقاء کے اسمائے گرامی قابل ذکر ہیں۔ ان حضرات نے قوم میں آزادی کی تڑپ اور جذبۂ حریت کو پروان چڑھانے میں اہم کردار ادا کیا اور یوں برصغیر کے مسلمانوں کو ایک صدی کی جدوجہد کے بعد آزادی نصیب ہوئی اور پاکستان معرض وجود میں آیا۔ برصغیر کے مسلمانوں کو آزادی کی جدوجہد کے ساتھ انگریزوں کی ان سازشوں کا بھی مقابلہ کرنا پڑا جو وہ برصغیر میں اپنی گرفت کو مضبوط کرنے کے لئے کرتے رہے، ان سازشوں میں مسلمانوں کے لئے سب سے بڑی سازش مرزا غلام احمد قادیانی کا دعوائے نبوت تھا۔ اس خود کاشتہ پودے کو پروان چڑھانے میں برطانوی حکومت کی پوری مشینری مصروف عمل تھی۔ برصغیر کے مسلم زعماء نے اس کے خلاف بھرپور تحریک چلائی پنجاب میں اس فتنہ کا مقابلہ امیر سید شریعت عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کی جماعت مجلس احرار اسلام اور ان کے رفقاء نے بڑے بھرپور انداز میں کیا۔ امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کے رفقاء کرام میں مفکر احرار چودھری افضل حق، مولانا حبیب الرحمان، مولانا سید محمد داؤد غزنوی، مولانا مظہر علی اظہر، مولانا محمد گل شیر شہید، شیخ حسام الدین،

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ایک دوسرے کو برداشت کرنے کا حوصلہ نہیں۔ اس طرز عمل نے ملک کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے جب کہ اس سے فائدہ صرف ملک دشمن عناصر کو ہی ہوا ہے۔

## قرآن و سنت نبوی

ایک ہی محفل میں فرمایا کہ "ہمارے بعض مذہبی رہنما میٹھا (حلوہ) کھانے کو سنت نبوی کی پیروی قرار دیتے ہیں۔ میرے بھائی اس سے کسے اختلاف ہے۔ ہم سے جس قدر ممکن ہو سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی مکمل ہونی چاہیے۔ یہ نہیں کرنا چاہیے کہ سنت نبوی کی پیروی میں جو کام آسان نظر آئے وہ کر لیا جائے اور جو مشکل ہو اسے چھوڑ دیا جائے تو اسے سنت نبو کی پیروی ہر گز نہیں کہتے۔ جب بھی کی جائے سنت نبوی کی مکمل پیروی کی جائے۔ اسی میں ہماری فلاح ہے۔ ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حلوہ کھایا تو حلوہ کھانے سے پہلے حق و باطل کے معرکہ میں اپنے دندان مبارک بھی شہید کروائے اور اس کے بعد حلوہ کھایا۔ ماسٹر جی زندگی کے ہر شعبہ میں قرآن و سنت کے مکمل احکامات کی پیروی چاہتے تھے۔ کیونکہ قرآن و سنت نبوی ہی مکمل ضابطہ حیات ہے۔ اسی سلسلہ میں جانباز مرزا نے اپنی کتاب "کاروانِ احرار" صفحہ ۴۳ پر ماسٹر جی کے ایک خط بنام گاندھی کو نقل کیا ہے جو اس طرح ہے۔

صوبہ سرحد کے ایک کانگریسی لیڈر مسٹر مہر چند کھنہ نے گاندھی کو خط لکھا کہ آپ نے مجلس احرار کو سول نافرمانی کی اجازت دی۔ گاندھی جی نے اس کا کیا جواب دیا۔ تاریخ کے کسی گوشے میں یہ دستاویز دستیاب نہیں ہو سکی۔ البتہ مجلس احرار کے ڈکٹیٹر ماسٹر تاج الدین انصاری کا ایک خط ملا جس کے مطابق کانگریسی راہنما گاندھی کو حسب ذیل جواب دیا گیا۔

میں بحیثیت ڈکٹیٹر مجلس احرار ہند اپنی ذمہ داری سمجھتا ہوں کہ آپ کو جواب دوں۔ احرار کے متعلق آپ کا نظریہ درست نہیں۔ مجلس احرار ایک مستقل جماعت ہے جو عدم تشدد کے اصولوں کی سختی سے پابند ہے لیکن اس حد تک جس حد تک اسلام اجازت دیتا ہے۔ اسی طرح جب ہماری سوچ و فکر میں کوئی اندھیرا آ جاتا ہے تو ہم قرآن حکیم سے روشنی حاصل کرتے ہیں۔ اور اس کے بتائے ہوئے راستے پر گامزن ہوتے ہیں۔ آپ میرے خط کا جواب دیتے ہیں یا کہ نہیں، اس کے لئے نہ تو میرے پاس فرصت ہے کہ جواب کا انتظار کروں اور نہ ہی مجھے ضرورت ہے چونکہ غلط فہمی کا احتمال تھا اس لئے خط تحریر کرنا پڑا آداب عرض۔

آپ کا تاج الدین انصاری

ڈکٹیٹر مجلس احرار ہند

۲-۳-۴۱

مندرجہ بالا خط سے واضح ہوتا ہے کہ ماسٹر جی کے نزدیک زندگی کے ہر شعبہ میں رہنمائی ہمیں قرآن و سنت سے ہی حاصل ہو گی۔ رحمۃ اللہ رحمۃ واسعۃ

آئے عشاق گئے وعدۂ فردا لیکر
اب انہیں ڈھونڈ چراغ رخ زیبا لیکر

(بہ شکریہ ماہنامہ الاحرار، لاہور جون ۱۹۹۹ء)



© rasailojaraid.com